جنگ

サイプレスガーデンホテル
¥6,300～
詳細を見る
アパホテル＜品川　泉岳寺駅...
¥3,000～
詳細を見る

Share

پنجاب میں پابندی کے باوجود کئی شہروں میں پتنگ بازی، ڈور پھرنے، چھتوں سے گر کر 8 زخمی

درجنوں گرفتار

فیصل آباد، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، کاموکی میں پتنگ بازوں کا خوب ہلہ گلہ، ہوائی فائرنگ، بھنگڑے، پولیس سیڑھیاں لگا کر نوجوان پکڑتی رہی

سینکڑوں پتنگیں، بھاری مقدار میں دھاتی ڈور اور دیگر سامان برآمد، کئی افراد کے خلاف فلائنگ ایکٹ کے تحت مقدمات درج

فیصل آباد، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، کاموکی (خصوصی رپورٹر، خبر نگار خصوصی، نمائندگان جنگ، ایجنسیاں) پنجاب میں پابندی کے باوجود کئی شہروں میں پتنگ بازی ہوئی۔ پتنگ بازوں نے خوب ہلہ گلہ کیا، ہوائی فائرنگ کی اور بھنگڑے ڈالے۔ ڈور پھرنے اور چھتوں سے گر کر 8افراد زخمی ہو گئے جبکہ درجنوں افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ فیصل آباد میں بسنت کے موقع پر ہوائی فائرنگ اور پتنگ بازی کے شوقین افراد نے پابندی کا بو کاٹا کر دیا۔ پولیس سیڑھیاں لگا کر نوجوان پکڑتی رہی 41مقدمات درج کر کے 110 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ مختلف مقامات پر بچوں سمیت سات افراد زخمی ہو کر ہسپتال پہنچ گئے۔ سی پی او فیصل آباد افضال احمد کوثر کی ہدایت پر تھانہ منصورہ آباد، تھانہ غلام آباد، تھانہ رضا آباد، تھانہ مدینہ ٹاؤن اور تھانہ فیکٹری ایریا سمیت مختلف تھانہ جات کی حدود میں پولیس نے پتنگ بازی کے خلاف بھرپور آپریشن کیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضہ سے سینکڑوں پتنگیں، بھاری مقدار میں دھاتی ڈور اور دیگر سامان برآمد کیا ہے۔ بسنت کے دوران 5افراد چھتوں سے گر کر اور دو افراد ڈور پھرنے سے زخمی ہوئے۔ پتنگ باز چھتوں سے ہوائی فائرنگ اور آتش بازی کیساتھ ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالتے رہے، بارش کے باعث بسنت ٹھنڈی ہو گئی، کریک ڈاؤن کے باوجود رات گئے تک رنگ برنگی پتنگیں اڑتی رہیں۔ گوجرانوالہ انتظامیہ پتنگ بازی کو کنٹرول کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو گئی۔ تھانہ باغبانپورہ، سبزی منڈی، کوتوالی، گرجاکھ، ماڈل ٹاؤن اور سیٹلائیٹ ٹاؤن سمیت شہر بھر میں لوگ بچوں کے ساتھ چھتوں پر چڑھے پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کرتے رہے۔ کٹی پتنگ کی ڈور پھرنے سے عمران نامی شہری زخمی ہو گیا۔ پولیس نے بچوں سمیت کئی افراد کو گرفتار کر لیا۔ سیالکوٹ پولیس نے پابندی کے باوجود پتنگ بازی کرنے پر چار پتنگ بازوں کو گرفتار کر لیا۔ کاموکی میں بھی بسنت منائی گئی۔ چھتوں پر ہلہ گلہ، آتشبازی، اور فائرنگ جاری رہی۔ سیالکوٹ میں بھی پولیس نے بسنت منانے والے کئی پتنگ بازوں کو گرفتار کر لیا۔

ShareThis

ہفت روزہ اخبار جہاں پڑھئے
آج کا اخبار پڑھئے